سوال

(330) نماز پڑھتے ہوئے رسول ا صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سن کر درود بھیجنا چاہیے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز پڑھتے ہوئے اگر دوسری مسجد سے اذان کی آواز آئے، تو رسول ا صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے جواب میں درود بھیجنا چاہیے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی مطلق احادیث کی بناء پر دورانِ نماز بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی سُن کر درود پڑھنے کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ سماع چاہے داخلی ہو یا خارجی اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ (وا علم بالصواب وعلمہ اتم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :310

محدث فتویٰ